# Press Release

October 2, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی یونیورسٹی طلبہ کے لیے سٹاک ٹریڈنگ مقابلہ منعقد کرے گی

اسلام آباد، ۲اکتوبر: سرمایہ کاروں کو آگہی دینے کی جمع پونجی مہم کے ایک حصے کے طور پر ایس ای سی پی نے چوتھا انٹر یونیورسٹی سٹاک ٹریڈنگ مقابلہ منعقد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ مقابلہ پانچ علاقوں میں منعقد کیا جائے گا: اسلام آباد، پنجاب، سندھ، کے پی کے اور بلوچستان/آزاد کشمیر/گلگت۔

یہ مقابلہ تین ماہ جاری رہے گا۔ مقابلہ جیتنے والوں کا تعین ٹریڈینگ کے اختتام پر فائنل اکاؤنٹ بیلنس سے کیا جائے گا۔ ہر علاقے سے جیتنے والی تین ٹیموں کو نقد انعام اور سرٹیفیکیٹ دیے جائیں گے۔

اس مقابلے کا مقصد طلبہ کو سٹاک مارکیٹ کی نوعیت سمجھانا اور سمیولیٹڈ ماحول میں ٹریڈنگ کے تجربے سے گزارنا ہے۔ طلبہ پاکستان سٹاک ایکسچینج سے لائیو فیڈ کی بنیاد پر ٹریڈنگ کریں گے۔

اس مقابلے میں اڑتیس یونیورسٹیاں شرکت کریں گی جن میں قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی، گلگت؛ بلوچستان یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، خضدار؛ قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد؛ یونیورسٹی آف بلتستان، سکردو؛ یونیورسٹی آف پونچھ، راولاکوٹ، آزاد کشمیر؛ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی، کوئٹہ؛ لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز؛ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، کراچی؛ لاہور سکول آف اکنامکس؛ کامسیٹس انسٹیٹیوٹ آف انفرمیشن ٹیکنالوجی، اسلام آباد اور کراچی کی جناح یونیورسٹی برائے خواتین شامل ہیں۔